**30.05.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ ماجدعلی

**Music**

---

☆ فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دویدی نے کہا ہے کہ اگر ضرورت پڑی تو بھارتی فوج آپریشن سندور کے دوسرے مرحلے کیلئے تیار ہے۔

☆ میانما کے صدر U Min Aung Hlaing نے بودھ گیا میں مہابودھی مندر میں پوجا اَرچنا کے ساتھ اپنا پانچ دن کا بھارت کا دورہ شروع کردیا ہے۔

☆ کرناٹک کانگریس قانون ساز پارٹی اپنا نیا لیڈر منتخب کرنے کیلئے آج میٹنگ کرے گی۔

☆ بہار میں طوفانی ہواؤں، شدید بارش اور بجلی گرنے کے الگ الگ واقعات میں کم سے کم 7 افراد ہلاک ہوئے ہیں۔

☆ امریکہ کے وزیر دفاع Pete Hegseth نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ کوئی معاہدہ نہ ہونے کی صورت میں امریکہ ایران کے خلاف فوجی کارروائی پھر سے شروع کرنے کیلئے تیار ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PUNE OPERATION SINDOOR**

چیف آف آرمی اسٹاف جنرل اوپیندر دِویدی نے آج کہا کہ اگر حالات کا تقاضا ہوا، تو بھارتی مسلح افواج کارروائی کیلئے ہائی الرٹ اور آپریشن سندور 2.0 کیلئے تیار ہے۔ پونے کے Khadakwasla نیشنل ڈیفنس اکیڈمی میں 150 ویں کورس کے پاسنگ آؤٹ پریڈ سے خطاب کرتے ہوئے جنرل دِویدی نے کہا کہ آپریشن سندور نے درستگی اور عزم کے ساتھ اشتعال انگیزی کا جواب دینے میں بھارت کی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا ہے اور ابھرتی ہوئی سکیورٹی چیلنجوں سے نمٹنے میں ملک کیلئے ایک معیار قائم کیا ہے۔ جنرل دِویدی نے مزید کہا کہ آپریشن سندور نے ملک کے مستحکم عزم اور مسلح افواج کے درمیان ہم آہنگی کی

اہمیت کا مظاہرہ کیا ہے۔

جنرل دِویدی نے گریجویٹ کیڈٹس سے اپیل کی کہ وہ پروفیشنلزم کے اعلیٰ معیار، قیادت اور ملک کی خدمت کے جذبے کو قائم رکھیں۔ انہوں نے ابھرتی ہوئی سکیورٹی کی صورتحال میں مثبت نقطہ نظر اپنانے اور سیکھنے کے عمل کو جاری رکھنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جوانوں کے اعتماد اور بھروسے پر موَثر قیادت کی تعمیر ہوتی ہے۔×

**ANIL CHAUHAN-SUPERANNUATION**

چیف آف ڈیفنس اسٹاف جنرل انل چوہان نے آج نئی دلّی کے قومی جنگی یادگار میں تینوں فوجوں کا یادگار گارڈ آف آنر حاصل کرنے کے بعد قومی خدمات کو الوداع کہا۔ اس تقریب میں ملک میں اعلیٰ فوجی افسر کے طور پر اُن کی ممتاز خدمات کو یاد کیا گیا۔ جنگی یادگار میں گلدائرہ پیش کرنے کے بعد جنرل چوہان نے کہا کہ تینوں فوجوں کا گارڈ آف آنر حاصل کرنا اُن کیلئے بڑے فخر کی بات ہے۔

چار دہائیوں سے زیادہ پر مشتمل خدمات کے بعد ایک عام شہری کے طور پر تبدیلی کو بیان کرتے ہوے جناب چوہان نے اپنی خدمات کو اطمینان بخش بتایا ہے۔ 1981 میں بھارتی فوج میں شامل ہونے کے بعد جناب چوہان نے ملک کی 40 سال سے زیادہ خدمت کی اور اپنے پُرکشش فوجی کریئر کے دوران کئی اہم عہدوں پر فائز رہے۔ انہیں پرم وِششٹ سیوا میڈل، اُتم یودھ سیوا میڈل، اَتی وِششٹ سیوا میڈل، سینا میڈل اور وِششٹ سیوا میڈل سے نوازا گیا۔ لیفٹیننٹ جنرل این ایس راجا سُبرامنی، جنرل چوہان کی جگہ لیں گے۔

**VP-GOA SATEHOOD DAY**

پناجی کی کلا اکیڈمی میں آج گوا کا 40 واں یومِ تاسیس منایا گیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے گوا کو ایک مثالی ریاست بتایا، جہاں ترقی کے ساتھ ساتھ اس کی مالا مال ثقافتی وِرثے میں توازن برقرار رکھا گیا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V-C Mahesh**

*نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے کہا ہے کہ گوا اس بات کی ایک اچھی مثال ہے کہ کس طرح اپنی پہچان اور ترقی ساتھ چل سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گوا نے جدید ترقی حاصل کرتے ہوئے اپنی ثقافتی بنیادوں کو بھی قائم رکھا ہے۔ نائب صدر جمہوریہ نے کہا کہ گوا ایک سیاحتی مقام سے کہیں بڑھ کر جگہ ہے۔ انہوں نے گوا کو ایک زندہ تہذیب بتایا، جہاں ثقافتی تبادلہ، سماجی ہم آہنگی اور کھلا ذہن پایا جاتا ہے۔ انہوں نے خواندگی، صحت خدمات اور ماحول کے بارے میں بیداری اور انسانی ترقی*

کے شعبوں میں ریاست کی حصولیابی کی تعریف کی۔

بناجی سے مہیش کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں......

## NTA CUET TECH GLITCH

امتحانات سے متعلق قومی ایجنسی NTA نے کہا ہے کہ اُس کی تکنیکی شریکِ کار TCS کی فنی خرابی کی وجہ سے آج اس کے کچھ امتحانی مراکز میں کامن یونیورسٹی داخلہ ٹسٹ CUET-UG 2026 کے شروع ہونے میں تاخیر ہوئی۔ NTA نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں بتایا ہے کہ اِس مسئلے کو حل کرلیا گیا ہے اور امتحانات جاری ہیں اور امیدواروں کو پورا وقت دیا جائے گا تاکہ انہیں کوئی نقصان نہ اٹھانا پڑے۔

ایجنسی نے یہ بھی بتایا ہے کہ بعد دوپہر شروع ہونے والے امتحانات کے وقت میں ردّ و بدل کیا گیا ہے۔ امیدواروں کو ڈھائی بجے سے داخلے کی اجازت دی جائے گی، جبکہ امتحان تین بجے کے بجائے چار بجے شروع ہوگا۔ NTA نے مزید کہا ہے کہ صبح کے امتحان میں بیٹھنے والے امیدواروں کو پورا وقت دیا جائے گا اور انہیں پیپر مکمل ہونے کے بعد ہی جانے کی اجازت دی جائے گی۔ ایجنسی نے طلباء اور والدین کو پریشانی ہونے کیلئے افسوس کا اظہار کیا ہے۔

## NFHS-MATERIAL HEALTH

صحت اور خاندانی بہبود کی وزارت نے، خاندانی صحت کا چھٹا قومی جائزہ جاری کیا ہے، جس میں اعداد و شمار سے، ماں اور بچے کی صحت، تغذیے اور مالی تحفظ کے میدان میں، بھارت کی، خاطر خواہ ترقی کا پتہ چلتا ہے۔ یہ چھٹا قومی جائزہ صحت اور خاندانی بہبود کی وزارت کے ذریعہ 2023-24 کے دوران کیا گیا تھا، اس جائزے میں 715 اضلاع پر مشتمل 6 لاکھ 79 ہزار گھرانوں کو شامل کیا گیا تھا۔ یہ جائزہ کُل جاری کیا گیا، جس سے یہ بات خاص طور پر پتہ چلی ہے کہ اداروں میں کی گئی زچگی میں، جو پہلے 2019-21 کے دوران 88 اعشاریہ 6 فیصد تھی، اضافہ ہو کر 2023-24 میں 90 اعشاریہ 6 فیصد ہو گئی ہے۔

اعداد و شمار سے پتہ چلا ہے کہ 95 اعشاریہ 9 فیصد حاملہ خواتین کو، زچگی کے بعد کی نگہداشت ملتی ہے، جبکہ ماؤں کو پہلی سہ ماہی میں ملنے والی، زچگی کے بعد کی نگہداشت میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ پہلے یہ 70 فیصد تھی، جبکہ اب یہ 76 اعشاریہ 2 فیصد ہو گئی ہے۔جائزے میں کہا گیا ہے کہ بھارت میں، خواتین کے حاملہ ہونے کی مجموعی شرح TFR، دو فیصد پر برقرار ہے اور بچوں کی ٹیکہ کاری سے، خاندانی منصوبہ بندی کے قومی پروگراموں کے اثرات کی اہمیت ظاہر ہوتی ہے، جس میں مشن پریوار وِکاس بھی شامل ہے۔

جائزے میں، خواتین کی ڈیجیٹل شمولیت اور مالی تفویضِ اختیارات کے میدان میں لگاتار پیشرفت بھی ظاہر کی گئی

ہے۔یہ بھی کہا گیا ہے کہ جن خواتین نے کبھی نہ کبھی انٹرنیٹ استعمال کیا ہے، اُن کی تعداد تقریباً دوگُنا ہو گئی ہے۔ پہلے یہ 33 اعشاریہ 3 فیصد تھی، جبکہ اب یہ تعداد 64 اعشاریہ 3 فیصد ہو گئی ہے۔ ×

**J&K AMIT SHAH**

جموں وکشمیر میں، جموں میں بین الاقوامی سرحد کے پاس رہ رہے لوگوں نے مرکز کے اُس فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے، جس میں سرحد سے 15 کلومیٹر کے اندر غیر قانونی تعمیرات اور غیر قانونی کارروائیاں ہٹائے جانے کی بات کہی گئی ہے۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے حال ہی میں ایک اعلیٰ سطح کی سکیورٹی جائزہ میٹنگ کے دوران یہ فیصلہ کیا تھا۔ Arnia، آر ایس پورا اور Suchetgarh سمیت سرحدی علاقے کے لوگوں نے اس عمل میں اپنی حمایت کا اظہار کیا اور کہا ہے کہ ایسی کوئی بھی کارروائی، جو ملک کی سکیورٹی کیلئے خطرہ ہو، اُس کے ساتھ سختی سے پیش آنا چاہیئے۔ لوگوں نے کہا کہ سرحدی علاقوں میں رہ رہے لوگوں کی سلامتی اور حفاظت کیلئے اس طرح کے سخت اقدامات ضروری ہیں۔×

**MYANMAR PREZ VISIT**

میانما کے صدر U Min Aung Hlaing آج بودھ گیا میں مہابودھی مندر گئے اور وہاں پوجا اَرچنا کی۔ انہوں نے اُس بودھی پیڑ کے نیچے مراقبہ کیا، جس پیڑ کے بارے میں مشہور ہے کہ بھگوان بدھا نے نِروان حاصل کیا تھا۔ اپنے دورے کے دوران میانما کے صدر، تاریخی Bakraur کے سُجاتا مندر گئے اور بودھ گیا کی بَرمی مونسٹرک کا بھی دورہ کیا۔ اُن کے ہمراہ ایک اعلیٰ سطح کا وفد بھی ہے، جو بہت سے کابینہ وزیروں، سینئر افسروں اور سرکردہ تاجروں پر مشتمل ہے۔ صدر U Min کا، اُن کی موجودہ حیثیت سے، بھارت کا یہ پہلا دورہ ہے۔ ×

**KARNATKA LEGISLATIVE PARTY MEETING**

کرناٹک کانگریس قانون ساز پارٹی کی آج سہ پہر 4 بجے میٹنگ ہونا متوقع ہے، جس میں سبکدوش ہونے والے وزیر اعلیٰ جناب سِدھارمیا کے بعد نئے لیڈر کا انتخاب کیا جائے گا۔ گورنر تھاور چند گہلوت نے جناب سدھارمیا کا استعفیٰ پہلے ہی قبول کرلیا ہے اور اُن سے نئے لیڈر کے انتخاب تک کارگزار وزیر اعلیٰ کے طور پر کام کرنے کو کہا۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ جناب ڈی کے شیو کمار کو باضابطہ طور پر کانگریس قانون ساز پارٹی کا نیا لیڈر بنائے جانے کی توقع ہے۔ کانگریس کے 136 ممبران اسمبلی سے CLP میٹنگ میں شرکت کرنے کو کہا گیا ہے۔×

**BIHAR DEATH**

بہار میں گرج چمک، شدید بارش اور بجلی گرنے کے کئی واقعات میں کم از کم سات افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔ ہمارے نامہ نگار سے موصولہ رپورٹ کے مطابق بجلی گرنے کے واقعات میں، گیا میں تین اموات ہوئی ہیں، جبکہ اورنگ آباد سے دو اموات کی خبر موصول ہوئی ہے۔ دریں اثناء Saran اور کھگڑیا اضلاع سے ایک ایک موت کی رپورٹ موصول ہوئی ہے۔ گرج چمک اور بجلی گرنے کے واقعات میں ہوئی اموات پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے، وزیرِ اعلیٰ سمراٹ چودھری نے مرنے والوں کے لواحقین کیلئے چار چار لاکھ روپے کی امداد کا اعلان کیا ہے۔ x

**KIREN-HAJ AWARD**

اقلیتوں کے اُمور کے وزیر کرن رجیجو نے آج بتایا کہ بھارتی حج مشن کو سعودی عرب کی حج اور عمرہ کی وزارت کی طرف سے پہلی مرتبہ دو باوقار Labbaytum ایوارڈز حاصل ہوئے ہیں۔ یہ ایوارڈز، حج کے پروگرام کو خوش اسلوبی کے ساتھ کرائے جانے پر دیے گئے ہیں۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب رجیجو نے بتایا کہ حج 2026 کے اہم رکن کا کامیابی کے ساتھ مکمل ہونا، اِس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ اقلیتوں کے امور کی وزارت، بھارت کی حج کمیٹی اور سعودی عرب میں بھارت کے سفیر اور جدہ میں بھارتی قونصل خانے کے درمیان ہم آہنگی پائی جاتی ہے۔x

**DEF SECY SINGAPORE**

وزارتِ دفاع میں سکریٹری راجیش کمار سنگھ نے سنگاپور میں کلیدی نوعیت کے مطالعے سے متعلق بین الاقوامی انسٹی ٹیوٹ IISS کے Shangri-La کے مذاکرات کے موقع پر نیدرلینڈ کے وزیرِ دفاع Dilan Yesilgoz-Zegerius کے ساتھ تبادلۂ خیال کیا ہے۔ وزارتِ دفاع نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں بتایا ہے کہ گفتگو کے دوران دو طرفہ دفاعی تعاون بڑھانے، دونوں ملکوں کے فوجی رابطوں کو مستحکم کرنے اور صنعتی - دفاعی اشتراک کے مواقع تلاش کرنے جیسے موضوعات پر توجہ مرکوز کی گئی۔ اس بات چیت سے ظاہر ہو جاتا ہے کہ بھارت اور نیدر لینڈ کے درمیان کلیدی نوعیت کی ساجھیداری فروغ پا رہی ہے۔ جناب راجیش کمار سنگھ نے آسٹریلیا کے اپنے ہم عہدہ وزیر کے ساتھ بھی بھارت - آسٹریلیا جامع کلیدی شراکت داری سمجھوتے کے تحت ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا۔x

**HEGSETH-IRAN**

امریکہ کے وزیرِ دفاع Pete Hegseth نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ کوئی معاہدہ نہ ہونے کی صورت میں امریکہ پھر سے فوجی کارروائی شروع کرے گا۔ ایشیاء کی اہم سکیورٹی فورم Shangrila ڈائیلاگ سے خطاب کرتے ہوئے جناب

Hegseth نے کہا کہ امریکہ کی خطے میں اور پوری دنیا میں فوجی موجودگی ہے اور وہ ضرورت پڑنے پر اس طرح کی کارروائیاں انجام دے سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ کسی بھی ناگہانی صورت کا جواب دینے کی اچھی پوزیشن میں ہے۔ امریکہ کے وزیر دفاع نے اس بات پر بھی زور دیا کہ ایران کے ساتھ تنازعہ کے باوجود امریکہ، ایشیاء بحرالکاہل خطے کیلئے پابند عہد ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ نے بھارت-بحرالکاہل سے اپنی خاص توجہ نہیں ہٹائی ہے۔×

## TRUMP SITUATION ROOM MEETING

امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے وہائٹ ہاؤس میں اپنے اعلیٰ مشیروں کے ساتھ دو گھنٹے تک میٹنگ کی، جس میں ایران کے ساتھ امکانی سمجھوتے پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ اِس سمجھوتے کا مقصد جنگ بندی کی مدت بڑھانا ہے۔ یہ میٹنگ Situation Room میں ہوئی تھی اور آئندہ کے لائحہ عمل کے بارے میں صورتحال واضح نہیں ہے۔ میٹنگ سے پہلے صدر ٹرمپ نے کہا تھا کہ جنگ بندی کی مدت بڑھانے کے کسی بھی سمجھوتے کے تحت ایران کو آبنائے ہرمز پھر سے کھولنی ہوگی، اِس بات کا عہد کرنا ہوگا کہ وہ کبھی ایٹمی ہتھیار نہیں بنائے گا اور امریکہ کو اُس کے افزودہ یورینیم کا ذخیرہ ہٹانے کی اجازت ہوگی۔ البتہ ایران اپنی اِس بات پر قائم ہے کہ اُس کا ایٹمی پروگرام محض غیرفوجی مقاصد کیلئے ہے۔x

## WOMEN CRICKET

خواتین کرکٹ میں، آج برسٹل میں دوسرے ٹی-ٹوینٹی بین الاقوامی کرکٹ میچ میں بھارت کا مقابلہ میزبان انگلینڈ سے ہوگا۔ بھارت، آج کا میچ جیت کر تین میچوں کی سیریز جیتنے کی کوشش کرے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام سات بجے شروع ہوگا۔ بھارت کو اس سیریز میں ایک-صفر کی سبقت حاصل ہے۔ جمعرات کو Chelmsford میں ابتدائی میچ میں بھارت نے انگلینڈ کے خلاف 38 رن سے جیت حاصل کی تھی۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆